آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 26 | 20 جمادی الثانی 1447 جمعہ 12 دسمبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 301

آج کا تاریخی فیصلہ واضح پیغام ہے فیض حمید غیر قانونی کام کر رہے تھے

بلاول بھٹو

گورنر راج ایک آئینی آپشن موجود ہے، پی ٹی آئی اپنے طرزِ عمل سے وفاق کو مجبور کر رہی ہے، پی ٹی آئی کی سیاست خود ایسے حالات پیدا کرنا چاہ رہی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

پی ٹی آئی دور میں مریم نواز اور فریال تالپور کو ٹارگٹ کیا گیا، آج عمران خان خود جیل میں ہے، یہ مکافاتِ عمل ہے، بانی پی ٹی آئی بطور وزیراعظم طاقت کے نشے میں دھمکیاں دیتے تھے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

پاک چین فورس کی مشترکہ مشق اختتام پذیر ہوگئی

چین کے سفیر جیانگ زائی دونگ کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف سے تقریباً 1.2 ارب ڈالر موصول

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

شمالی وزیرستان، مدرسے میں دھماکہ، 2 بچے شہید 8 زخمی

مقامی طبی اداروں سے رابطہ کر کے ہنگامی صورتحال پر بچوں کا علاج کرایا جا رہا ہے


باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

فوج کا خود احتسابی عمل: فیض حمید کو 14 سال قید بامشقت کی سزا

فیلڈ جنرل کورٹ مارشل نے تمام قانونی دفعات کی تعمیل کی، ملزم کو اپنی پسند کی دفاعی ٹیم کے حقوق سمیت تمام قانونی حقوق فراہم کیے گئے تھے، مجرم کو متعلقہ فورم پر اپیل کا حق حاصل ہے، ترجمان

قوم برسوں فیض حمید، جنرل (ر) قمر باجوہ کے بوئے ہوئے بیجوں کی فصل کاٹے گی (خواجہ آصف) پی ٹی آئی کے سیاسی مشیر فیض حمید کیخلاف فیصلہ حق کی فتح ہے، وزیر اطلاعات عطا تارڑ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کے معاملات سے متعلق ہفتہ وار اجلاس ہو رہا ہے

فیض حمید کی سزا ٹریلر، 9 مئی کی فلم باقی ہے

فیصل واوڈا

سابق ڈی جی آئی ایس آئی نے تباہی مچائی، مسلح افواج اپنے کو نہیں بخش رہی، تو کیا آپ کو لگتا ہے کہ دوسرے محفوظ رہیں گے؟

ہمارے ہاں مسئلہ ہی سزا اور جزا کا تھا جس کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سب سے پہلے اپنے ادارے سے بنیاد شروع کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



چنیوٹ، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی چیلنج، مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں

گورنر سندھ

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے ڈنمارک کی سفیر ماجا مورٹینسن نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی

ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



کراچی، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے ڈنمارک کی سفیر ماجا مورٹینسن گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان اور یورپی یونین میں انسانی سمگلنگ روکنے پر اتفاق

گزشتہ ایک سال میں پاکستان سے یورپ کے لیے غیر قانونی راستوں کے ذریعے جانے کی کوششوں میں 47 فیصد کمی آئی ہے، کمشنر برائے داخلی امور

رواں سال کے دوران پاکستان میں 1770 انسانی سمگلرز اور ان کے ایجنٹس کو گرفتار کیا گیا ہے، زیرو ٹالرنس پالیسی کا واضح ثبوت ہے، محسن نقوی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



راولپنڈی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

گیس لیک: گھر میں خوفناک دھماکہ، خاتون اور 5 بچے جھلس کر زخمی

رات کو باورچی خانے میں چولہا کھلا چھوڑ دیا گیا، صبح ماچس جلائی، باورچی خانے میں گیس جمع ہونے سے زوردار دھماکا ہوا، خاتون

زخمیوں کی شناخت 28 سالہ حمیدہ بی بی زوجہ خداداد، 13 سالہ محمد اللہ ولد محمد لعل، 5 سالہ شعیب اللہ ولد خداداد کے نام سے ہوئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



روم، وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی (ICCROM) کی 34ویں جنرل اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں

جرائم ہیں واضح کمی: ہماری جنگ صرف کرمنلز کیساتھ ہے

آئی جی سندھ

ورلڈ کرائم انڈکس میں کراچی کا نمبر 6 تھا جو اب 128ویں نمبر تک آ گیا ہے، غلام نبی میمن کا سی پی ایل سی کے عشائیہ سے خطاب

ہم اکٹھے ہو کر کام کرتے تھے، پتہ ہی نہیں چلتا تھا کہ پولیس ہے یا سی پی ایل سی اسٹاف، 2019 کے بعد سی پی ایل سی کو قانونی حیثیت ملی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

گردشی قرضہ بے قابو، 734 ارب روپے اضافے کا خطرہ

اگر موثر اصلاحاتی منصوبہ فوری نافذ نہ کیا گیا تو گردشی قرضے میں بھاری اضافہ ہو سکتا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

پاک فضائیہ کے ایف 16 بیڑے کیلئے 686 ملین ڈالر کے اپ گریڈ پیکیج کی منظوری دیدی گئی

آپریشن میں زخمی ڈی ایس پی جوڑے کی شادی کی سالگرہ

پولیس مقابلے میں شامل اہلکاروں کو سول ایوارڈ سے نوازا جائے گا، وزیر داخلہ سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

سندھ حکومت کا ٹریفک کے بعد فوڈ اتھارٹی میں بھی ای چالان کے نظام کے آغاز کا فیصلہ آ گیا

مٹی کا تودہ گرنے سے 5 مزدور دب گئے، 3 جاں بحق

2 مزدور شدید زخمی ہیں جنہیں تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال منتقل کر دیا گیا، امدادی کارروائیاں شروع

اندرونی معاملات میں مداخلت پر ناروے کے سفیر کو ڈیمارش

پاکستان اپنی خودمختاری کا تحفظ کرنا بخوبی جانتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کا واضح موقف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

فرسٹ ایئر کے طالبعلم کے جاں بحق ہونے کا مقدمہ درج

مقدمے میں قتل خطا، لاپروائی اور غفلت سے ڈرائیونگ سمیت دیگر دفعات شامل ہیں، پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39



کراچی، لیاری بہار کالونی میں پانی کی قلت کے باعث خاتون گیلن کیساتھ پریشان بیٹھی ہے

یونیسف کیساتھ تعاون مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ

یونیسف دنیا بھر میں بچوں کے حقوق، صحت، تعلیم اور تحفظ کے لیے کوشاں ہے، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا 79ویں یوم تاسیس پر پیغام

یونیسف ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہر بچہ دنیا کا قیمتی ترین سرمایہ ہے، حکومت سندھ کئی شعبوں میں یونیسف کے ساتھ مضبوط شراکت داری کر رہی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

بنگلا دیش میں نئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا

شیخ حسینہ واجد کی حکومت کے دھڑن تختے کے ایک سال بعد الیکشن ہونے جا رہے ہیں

عبوری حکومت نے ملک میں نئے الیکشن کے بعد اقتدار عوامی نمائندوں کو سونپنے کا فیصلہ کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

سندھ کے تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

ایئرپورٹ چھوٹا گیٹ کے قریب گاڑی کی ٹکر سے خاتون جاں بحق

طوطے کی تلاش میں ملازم گھر سے 2 موبائل فونز لے گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

SUNTAC
پانی کی ٹنکیاں
واٹر و کیمیکل اسٹوریج ٹینکس
FDA سے منظور شدہ 10 سالہ گارنٹی
مناسب قیمت پر ڈیلرز سے دستیاب ہیں
پاپولر پلاسٹکس (پرائیوٹ) لمیٹڈ
021-36880739 / 021-36880720
ppl.suntac@gmail.com

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on:
fb/Dailyettelaatkarachi
Scan me!

آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DALIY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

بھارتی پراپیگنڈے کا صائب جواب

پاکستان نے بھارتی وزیرِ خارجہ جے شنکر کے پاکستانی افواج سے متعلق بیان کو بے بنیاد اور اشتعال انگیز قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ دفترِ خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان ذمہ دار ریاست، تمام ادارے، بشمول فوج، قومی سلامتی کے مضبوط ستون، بھارتی قیادت کی پاکستان کے ریاستی اداروں کو بدنام کرنے کی کوششیں پراپیگنڈا مہم کا حصہ، مقصد خطے میں عدم استحکام پیدا کرنا، کوئی پروپیگنڈا اس حقیقت کو جھٹلا نہیں سکتا کہ پاک فوج نے مئی میں بھارتی جارحیت کے خلاف ملک اور قوم کا بھرپور دفاع کیا۔ بھارت کے خطے میں عدم استحکام پھیلانے والے اقدامات اور پاکستان میں اس کی ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی سے توجہ ہٹاتا ہے۔ درحقیقت بھارتی وزیرِ خارجہ کے بیان نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ نئی دہلی کا رویہ محض سفارتی تنازع نہیں، بلکہ ایک ہمہ جہت بیانیہ سازی کا حصہ بن چکا ہے جس کا مقصد پاکستان کے قومی اداروں کو بدنام کرنا، عوامی اعتماد کو متزلزل کرنا اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے خلاف ایک مخصوص تاثر کو پختہ کرنا ہے۔ پاکستان کے دفترِ خارجہ نے جس شدت اور وضاحت کے ساتھ اس بیان کو رد کیا ہے، وہ نہ صرف سفارتی آداب کی بحالی کی کوشش ہے بلکہ پاکستان کی ریاستی پالیسی، قومی خودداری اور خطے میں امن کے لیے اس کے مستقل موقف کی بھی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ اس تناظر میں اس بات کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف بیانات کوئی پہلی بار سامنے نہیں آئے بلکہ یہ برسوں پر محیط ایک حکمتِ عملی کا حصہ ہیں جس کا مقصد خطے کی اصل حقیقتوں سے توجہ ہٹانا ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نہ صرف ملک کی جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہیں بلکہ داخلی استحکام، دہشت گردی کے خلاف جنگ، امن کی بحالی اور انسانی و قدرتی آفات کے دوران قوم کی مدد کے لیے بھی نمایاں کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ مئی 2025 کے تنازع کے دوران پاکستانی افواج کی استعداد اور پیشہ ورانہ مہارت کا ایک بار پھر کھل کر اظہار ہوا، جسے نہ داخلی حلقوں میں جھٹلایا جا سکتا ہے اور نہ ہی عالمی سطح پر اس کی اہمیت سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان نے 2001 کے بعد سے دہشت گردی کے خلاف جس بے مثال قربانی اور مسلسل جدوجہد کا مظاہرہ کیا، وہ دنیا میں اپنی مثال آپ ہے۔ اس دوران پاکستان کے مختلف اداروں بالخصوص افواج نے وہ کردار ادا کیا جس نے نہ صرف ملک کو خطرناک گروہوں کے چنگل سے نکالا بلکہ عالمی برادری کو بھی ایک بڑے ممکنہ بحران سے محفوظ رکھا۔ اس تناظر میں بھارتی وزیرِ خارجہ کا حالیہ بیان نہ صرف غیر ذمہ دارانہ ہے بلکہ حقائق کے سراسر منافی ہے۔ بھارت کی جانب سے پاکستان کے حوالے سے بیانات کا مقصد بظاہر داخلی عوامی رائے کو متاثر کرنا بھی ہوتا ہے۔

عالمی صحت کا کڑوا سچ انسانیت کے زخم کب بھریں گے؟

دنیا بھر میں 12 دسمبر 2025 کو انٹرنیشنل یونیورسل ہیلتھ کوریج ڈے منایا جاتا ہے، لیکن عالمی اسٹیج پر صحت کے جس نظام کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے، اس کے پیچھے بے بسی، بدنظمی اور بے شمار انسانوں کی سسکیاں ۔۔۔ امیدیں اس دن پر بھی صرف دعووں اور عالمی پیغامات تک محدود رہ جاتی ہیں۔ اس دن کے نام پر سیمینار، تقاریر اور فوٹو سیشن تو پاکستان میں بھی خوب ہوتے ہیں، مگر اصل حقیقت وہ خواتین ہیں جو گاؤں کے ڈسپنسری تک ۔۔۔



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

۔۔۔ ہو۔ سرکاری اسپتالوں کی حالت ۔۔۔ زدہ ملک کے میدان کا منظر پیش کرتی ہے، دوائیں نایاب یا مہنگی، ڈاکٹر کم، مشینیں خراب، اور مریض لانچوں، فٹ پاتھوں اور ایمرجنسی کے فرش پر بلکتے نظر آتے ہیں۔ عوام کی ۔۔۔ کے لیے یاد دہانی ہے کہ صحت کی فراہمی کوئی احسان نہیں، یہ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، اور جب تک یہ ذمہ داری پوری نہیں ہوتی، تب تک ہر سال یہ دن صرف زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف رہے گا۔

احتساب اور سزا و جزا کا قائم ہوتا ہوا قانون' پاکستان کی تاریخ کا فیصلہ!

پاکستان کی سیاست، اسٹیبلشمنٹ اور طاقت کے ایوانوں میں ایک ایسا دھماکہ خیز موڑ آیا ہے، جس نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ سابق ڈی جی آئی ایس آئی اور طاقتور سمجھے جانے والے ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو فیلڈ جنرل کورٹ مارشل نے 15 ۔۔۔ کہ پاکستان آرمی نہ صرف جمہوری نظام میں مداخلت کے خلاف سخت موقف رکھتی ہے بلکہ اپنے سابق اعلیٰ افسران کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھتی۔ ایک سابق ڈی جی آئی ایس آئی کو 14 سال کی سزائے قید سنانا اس بات کا کھلا اعلان ہے کہ ۔۔۔



تحریر: عبدالقیوم زئی
سینئر سیاسی رہنما

۔۔۔ ایسے سخت اور شفاف احتسابی عمل میں جوابدہ ٹھہرایا گیا۔ عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے واضح کیا کہ وردی ہو یا بغیر وردی ریاست کے مفاد کے خلاف جانے والے کے لیے کوئی رعایت نہیں۔ اس فیصلے نے دنیا بھر میں یہ تاثر مضبوط کیا ہے ۔۔۔ کے لیے بھی یہ مثال قائم کر گیا ہے کہ ریاست کے ادارے اب مضبوط، خودمختار اور بے لچک ہو چکے ہیں اور جو بھی پاکستان کے مفادات کے خلاف قدم اٹھائے گا، وہ سزا پائے گا، چاہے وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو۔

ٹرمپ کا حیران کن یوٹرن' پاکستان کی سفارتکاری نے واشنگٹن ہلا ڈالا!

امریکی جریدے فارن پالیسی کی تازہ ترین رپورٹ نے عالمی سیاست کے ایوانوں میں بھونچال برپا کر دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایسی غیر معمولی اور انقلاب مچا دینے والی سفارتکاری دکھائی ہے کہ واشنگٹن کے طاقتور ترین حلقے بھی پاکستان کی مضبوط موجودگی کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ ۔۔۔ امریکی میڈیا کی یہ رپورٹس ماضی کا نقشہ بھی ذہن میں تازہ کر دیتی ہیں۔ جنوری 2018 میں ٹرمپ نے پاکستان مخالف ٹویٹ کے ذریعے سفارتی ہنگامہ کھڑا کر دیا تھا مگر آج آئی لو پاکستان جیسے الفاظ ان ہی کی زبان سے سنائی دے رہے ہیں۔ یہ تبدیلی کسی اتفاق کا نتیجہ نہیں بلکہ پاکستان کی صفِ اول کی سیاسی و عسکری قیادت ۔۔۔



تحریر: اسلم خان
چیئرمین کراچی گرین ایڈز الائنس

۔۔۔ بیٹھ گئے ہیں۔ جریدے نے خبردار کیا ہے کہ اگر ٹرمپ کا مزاج بدل گیا یا امریکی ترجیحات تبدیل ہو گئیں تو یہ غیر معمولی گرمجوشی لمحوں میں ختم ہو سکتی ہے۔ لیکن اس وقت امریکہ کے ایوانِ اقتدار میں پاکستان کے لئے جو نرم گوشہ پیدا ہوا ہے، وہ عالمی طاقتوں کیلئے بھی حیرت کا باعث بن چکا ہے۔ ۔۔۔ ہوگا۔ اگر یہ موقع ضائع ہوا تو ماضی کی طرح دوبارہ پیش نہ آئے گا۔ لیکن اگر ہم سمجھداری سے قدم بڑھائیں تو امریکہ کے ساتھ یہ نئی گرمجوشی پاکستان کیلئے معاشی بحالی، عالمی قبولیت اور علاقائی قیادت کا دروازہ کھول سکتی ہے وہ دروازہ جو دہائیوں سے بند سمجھا جاتا تھا۔

KMC لانڈھی کالج انڈسٹری کیس سینئر ممبر ریونیو بورڈ کو شوکاز نوٹس

14 ماہ سے بار بار وقت مانگا اور ہر بار جھوٹ بولا جا رہا ہے، جسٹس یوسف علی جسٹس لاکھو کے ریمارکس

کراچی (کورٹ رپورٹر) کے ایم سی لانڈھی کالج انڈسٹری کی بحالی کیس کی سماعت کے دوران عدالت کو سندھ ہائی کورٹ نے سینئر ممبر سندھ ریونیو بورڈ کے ایم سی لانڈھی کالج انڈسٹری کی سروے رپورٹ کے ساتھ عدم حاضری پر شوکاز نوٹس جاری کر دیا اور 10 روز میں ۔۔۔ جونیئر افسران سے تحت سوالات کیے، عدالت نے سینئر ممبر ریونیو بورڈ کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 10 روز میں جواب طلب کر لیا۔ عدالت نے کہا 14 ماہ سے بار بار وقت مانگا جا رہا ہے اور ہر مرتبہ جھوٹ کا سہارا لیا جاتا ہے ۔۔۔

عافیہ کی رہائی تک خصوصی دعاؤں کی ضرورت ہے: ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلوبل عافیہ موومنٹ کی چیئرپرسن اور عافیہ صدیقی کی ہمشیرہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے کہا ہے کہ عافیہ کی صحت اور سلامتی کے ساتھ رہائی تک خصوصی، مسلسل اور ڈھیروں دعاؤں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایام عافیہ کیس میں اہم پیشرفت کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں۔ اس موقع پر ۔۔۔

ملک میں نظامِ مصطفیٰ ﷺ کا عملی نفاذ ہی منزل ہے، علما مشائخ

علما مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کا انتخابی اجلاس، علما مشائخ کی بھرپور شرکت، نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

لاہور/کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر کے علما و مشائخ کی نمائندہ تنظیم علما مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کا خصوصی اجلاس مرکزی سیکریٹریٹ گلشنِ ظہور کراچی میں منعقد ہوا ۔۔۔ کی۔ اجلاس میں تنظیم کے آئندہ تین برسوں کے لیے اتفاقِ رائے سے نئی مرکزی قیادت کا انتخاب کیا گیا۔ اجلاس میں ۔۔۔ مرکزی صدر، صوفی فقیر ملک محمد شکیل قاسمی کو مرکزی سیکریٹری جنرل جبکہ پروفیسر ڈاکٹر مہربان نقشبندی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کو مشیرِ قانونی منتخب کیا ۔۔۔

ایڈووکیٹ عثمان عباسی کی سٹی کورٹ اور ہائیکورٹ بار کے صدور سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر قانون دان ایڈووکیٹ عثمان عباسی نے دیگر معزز وکلاء دوستوں کے ساتھ ہائی کورٹ بار کے صدر ایڈووکیٹ ۔۔۔ اور سٹی کورٹ بار کے صدر عامر نواز وڑائچ سے خصوصی ملاقات کی ۔۔۔

انسانیت کی خدمت عبادت ہے، اللہ پاک حقوق ادا کرنے والے کو پسند فرماتا ہے۔ محمد وسیم سلمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف سماجی رہنما محمد وسیم سلمان پاکستان گرین فاؤنڈیشن کے چیئرمین عالم وارثی اور صدر جہانگیر عالم سے مرکزی آفس میں آکر ملاقات کی اور پاکستان گرین فاؤنڈیشن کی فلاحی خدمات سے متاثر ہو کر باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ چیئرمین عالم وارثی نے محمد وسیم کو عہدے پر منتخب کر دیا۔ محمد وسیم نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان گرین فاؤنڈیشن کے پلیٹ فارم غریب مستحق اور نادار افراد کی خدمت کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت عبادت ہے۔





المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی اور جونا گڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری بیرسٹر احمد رضا طیب اور قاضی مصطفیٰ فلاحی نوعیت کا مفاہمتی یادداشت (M O U) پر دستخط کر رہے ہیں



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ نیو کراچی سیکٹر 11-1 میں سڑک کی تعمیر کی تکمیل ہونے پر اس کا افتتاح کر رہے ہیں

سندھ سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے تحت تمام ڈویژن کے الیکشن کا اعلان

کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، سکھر، شہید بینظیر آباد اور میرپور خاص میں اگلے ہفتے الیکشن ہوں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کی منظوری سے سندھ سائیکلنگ ایسوسی ایشن نے اپنے ماتحت کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، سکھر، شہید بینظیر آباد اور میرپور خاص ڈویژن میں صدر، سیکریٹری جنرل اور فنانس سیکریٹری کی نامزدگی کے لیے الیکشن کا اعلان کر دیا ہے ۔۔۔ UCI لائسنس ۔۔۔ SCA کے دفتر میں پیش کریں ۔۔۔ PCF ۔۔۔

انسانیت کی خدمت کرنے کا عمل زندگی کی آخری سانس تک جاری رہے گا۔ ایچ حسین اخوندزادہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اخوندزادہ گروپ آرگنائزیشن کے جنرل سیکریٹری ایچ حسین اخوندزادہ ۔۔۔

امام نورانیؒ پاکستان بلکہ پوری امتِ مسلمہ کے عظیم رہنما تھے، ملک محمد شکیل قاسمی

قائدِ ملتِ اسلامیہ حضرت علامہ شاہ احمد نورانیؒ کا یومِ وصال عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

مزار امام نورانیؒ پر معتقدین اور کارکنانِ جمعیت کی حاضری، فاتحہ خوانی و ایصالِ ثواب، ملک بھر میں اجتماعات

کراچی/اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علما پاکستان کے سربراہ، ممتاز روحانی و مذہبی پیشوا، قائدِ ملتِ اسلامیہ حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقیؒ کا یومِ وصال ملک بھر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا ۔۔۔

بے نظیر بھٹو اپنی عوامی خدمات کی بدولت عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ ہیں، فہیم بہاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یوسی 28 کے سٹی کونسل ۔۔۔ فہیم بہاری نے 27 دسمبر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی برسی کے حوالے سے اجلاس منعقد کیا ۔۔۔

دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کو دینی تعلیم کی بھی ضرورت ہے۔ زیارت گل

ذمہ دار ادارے مسلسل ٹریفک حادثات کا نوٹس لیں، سلیم خان قادری

کراچی میں ٹریفک حادثات اب معمول بن چکے ہیں، ٹینکر مافیا کے خلاف فوری کارروائی کریں

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور سڑک کی حالت کی درستگی کی ضرورت بے حد ضروری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی میلاد ۔۔۔ سلیم خان قادری ۔۔۔



سیاسی اور سماجی رہنما میرا کبیر چانڈیو اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

25 دسمبر قائداعظم کی ولادت اور کرسمس ادارے کی کرسمس کی پیشگی مبارکباد۔ جمال کھوکھر

پاکستانی قوم 16 دسمبر شہدائے پبلک اسکول کی برسی عقیدت و احترام سے منائیں گے۔ جلال خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ۔۔۔ کے چیئرمین جلال خان ۔۔۔ نے اپنے مشترکہ بیان میں 16 دسمبر آرمی پبلک اسکول میں دہشت گردی کے نتیجے میں معصوم بچوں کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے 16 دسمبر معصوم بچوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 16 دسمبر ملک کی تاریخ کا بڑا سانحہ ہے جو بھلایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مستقبل کے معمار کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے اللہ عذاب سے نہیں بچیں گے۔

پیپلز پارٹی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو عوامی مسائل کا حل چاہتی ہے۔ آصف چانڈیو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما آصف چانڈیو سراج خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نوجوانوں کی بہتر مستقبل کی ضامن ہے اور پیپلز پارٹی خدمت پر یقین رکھتی ہے پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ پیپلز پارٹی نے جب بھی برسرِ اقتدار کیا تو عوام کے مسائل حل ہوئے پیپلز پارٹی عوامی خدمت کا نام ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو آئندہ انتخابات میں عوامی حمایت سے وزیراعظم منتخب ہوں گے پیپلز پارٹی میں شمولیت کرنے والے کارکنان پیپلز پارٹی کے منشور پر عمل کرتے ہوئے عوامی خدمت پر توجہ دے۔

ملک عبدالناصر خلجی ایڈووکیٹ کے ماموں محمد نظام انتقال کر گئے

والدہ کی طبیعت بھی انتہائی ناساز، ملک عبدالناصر خلجی کی دعائے صحت کی اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ۔۔۔ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین ملک عبدالناصر خلجی ایڈووکیٹ کے ماموں ملک نظام حسین انتقال کر گئے۔ ۔۔۔

اسرائیلی مظالم پر بین الاقوامی ادارے اپنے ضمیر کو جھنجھوڑیں، پیر ارشد کاظمی

عالمی ادارے بے گناہ مسلمانوں کے حقوق کے پامال ہونے پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، تحریک اہلسنت سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیرِ طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے ۔۔۔

پانی اور سیوریج کے مسائل سالوں سے بدترین صورتحال اختیار کر چکے ہیں۔ حاشر عمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی ۔۔۔ ٹاؤن یوسی چیئرمین حاشر عمر ۔۔۔

بہاری برادری پاکستان کیلئے مرے، اور پاکستان کیلئے لٹ گئے۔ نعیم اقبال

رہے اجتماعی شعور میں درد، قربانی اور سانحے کے گہرے نقوش چھوڑے ہوئے ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محبانِ پاکستان فاؤنڈیشن کے جنرل سیکریٹری نعیم اقبال نے کہا کہ یومِ سقوطِ مشرقی پاکستان 16 دسمبر 1971 کا سانحہ ۔۔۔ EPCAF ۔۔۔



فیوچر ٹیک ایونٹ میں بطور مہمان خصوصی پی پی پی رہنما رضا مراد چاچڑ کا شرکاء سے خطاب کے دوران لیا گیا فوٹو



پاپولر گروپ آف انڈسٹریز اور پاکستان ٹیپ بال پریمیئر لیگ کے درمیان لورنسنٹ کے انعقاد کے حوالے سے ہونے والے معاہدے کے موقع پر ایم ڈی پاپولر گروپ آف انڈسٹریز شہباز علی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

کے دفتر میں ملاقات کے دوران میرپورخاص کے عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور ایم کیو ایم پاکستان میرپورخاص ڈسٹرکٹ کی جانب سے سائلین و عوامی مسائل کے حل کے لئے لیگل ایڈ کمیٹی کو فعال بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر وفد نے کہا کہ انصاف کے حصول کے لئے مظلوم سائلین و عوام کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے لیگل ایڈ کمیٹی کی جانب سے مفت قانونی امداد، مشاورت فراہم کی جائے گی۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر و ضلع میں امن و امان کی خراب صورتحال، کار، موٹر سائیکلوں کی بڑھتی ہوئی چوریوں، کاروباری و تجارتی علاقوں میں رہزنی و چوری کی دن دہاڑے وارداتوں، حیسکو کی جانب سے شہریوں کو بلاجواز جرمانے کے بھاری بلوں، شہر بھر میں سوئی گیس کی بلاجواز بندش، شہر میں کھلے گٹروں، ٹوٹی پھوٹی شاہراہوں اور سڑکوں کی حالت زار اور بلدیاتی سہولیات کی عدم فراہمی جیسے سنگین عوامی مسائل پر لیگل ایڈ کمیٹی اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کرے گی۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز CDF کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

چلڈرن پارک کے منصوبے کو معیاری، عوام دوست اور بروقت مکمل کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو تفریح، صحت مندی اور بہتر ماحول سے متعلق سہولیات میسر آسکیں۔#

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

بلوچ، پٹھان، سندھی اور پنجابی کی نمائندگی کی گئی، جبکہ طلبہ نے موسیقی، گائیکی اور ثقافتی رقص پیش کر کے حاضرین کی خوب داد سمیٹی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے کیا گیا جس کے بعد مختلف شعبوں کے طلبہ نے ثقافتی شو، موسیقی اور دھمال کے ذریعے سندھ کی روایات کو اجاگر کیا۔ یونیورسٹی کے طلبہ نے موسیقی کے ساتھ روایتی رقص پیش کر کے ماحول کو مزید پرجوش بنادیا۔ اس موقع پر سندھ چیمبر آف کامرس کے ڈویژنل صدر پیر جزل جات سرہندی، سماجی شخصیت اسماعیل راہو، صوبائی منسٹر ایوب یونیورسٹی آف بورڈ (سمیت معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ اسماعیل راہو نے پروگرام میں شرکت کے بعد یونیورسٹی کامرس آف تھیبرز کا بھی افتتاح کیا۔ مہمانوں نے طلبہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سندھ کلچر ڈے صرف سندھی عوام کا نہیں بلکہ پاکستان کے ہر شہری کا ثقافتی دن ہے، جو محبت، امن اور ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

سیاسی و سماجی رہنماؤں، منتخب نمائندوں اور مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے مسائل براہِ راست صوبائی وزیر اور انتظامیہ کے سامنے رکھے، جن پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میرپورخاص ڈاکٹر رشید مسعود خان، ایس ایس پی میرپورخاص ڈاکٹر سمیر نور چنہ، ایڈیشنل کمشنر سہاش چند، ایڈیشنل کمشنر ٹو، اے سی تعلقہ حسین بخش مری سعود آرائیں، کنٹرولر تعلیمی بورڈ میرپورخاص انور علیم خانزادہ، میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری، یونیورسٹی آف میرپورخاص کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد رفیق میمن، میر بہرام تالپر سمیت مختلف محکموں کے افسران و دیگر ورثاء بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر اسماعیل راہو نے کچہری میں عوامی شکایات اور مسائل کو یکجا سنا اور متعدد شکایات پر فوری ایکشن لیتے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ "وزیراعلیٰ سندھ کی خصوصی ہدایت پر صوبے بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے تاکہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور اور انتخابی وعدوں کی تکمیل کی طرف ایک اہم قدم ہے، جبکہ حکومت سندھ مکمل عزم کے ساتھ عوامی خدمت کے ایجنڈے پر کام کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

مسائل پر تفصیلی بات چیت کی صدر جہلم چیمبر آف کامرس نے کہا ہم ہر چیز آئی ایم ایف پر ڈال نہیں سکتے حکومت کو ایف بی آر میں اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے ٹیکس کلیکشن کے طریقہ کار کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے بلاول بھٹو نے صدر جہلم چیمبر آف کامرس کو یقین دلایا کہ وہ ان کی تجاویز حکومت تک ضرور پہنچائیں گے۔ اس موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم، صدر چیئرمین چیف یو بی جی گروپ ایس ایم تنویر، نائب صدر ایف پی سی سی آئی پنجاب ذکی اعجاز، قاسم گیلانی، ندیم افضل چن اور دیگر بھی ملاقات میں موجود تھے

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

دورہ کیا۔ اس موقع پر رکن سندھ اسمبلی بلال جدون، میونسپل کمشنر صدر ٹاؤن فہد علی عباسی، اراکین کونسل اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین کو بریفنگ دی گئی کہ مذکورہ مقام پر موجود نالے کی چھت گرنے کے خدشے کے باعث کسی بھی وقت بڑا حادثہ پیش آسکتا تھا۔ شہریوں کی حفاظت کو مقدم رکھتے ہوئے چیئرمین صدر ٹاؤن نے فوری ایکشن لیتے ہوئے نالے کی نئی چھت ڈالنے کے احکامات جاری کیے تھے۔ ترجمان صدر ٹاؤن کے مطابق نالے کی چھت کی تعمیر تیزی سے جاری رہی اور اب یہ کام آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ چیئرمین منصور احمد شیخ نے موقع پر موجود افسران کو ہدایت جاری کی کہ تمام حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور کام کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے شہریوں کو مستقل اور محفوظ سہولت فراہم کی جاسکے۔ چیئرمین نے مزید کہا کہ صدر ٹاؤن کی حدود میں ترقیاتی کاموں کو شفافیت، رفتار اور معیار کے ساتھ مکمل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی سہولت اور شہری تحفظ کے ہر منصوبے پر کسی قسم کی تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ آخر میں انہوں نے موقع پر موجود ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صدر ٹاؤن انتظامیہ شہریوں کی آسانی کے لیے فعال انداز میں کام کر رہی ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے خدیجہ نالہ کے سامنے بلاک 2 کلفٹن میں جاری ترقیاتی اور بحالی کے کاموں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر رکن سندھ اسمبلی بلال جدون، میونسپل کمشنر صدر ٹاؤن فہد علی عباسی، اراکین کونسل اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران چیئرمین کو بریفنگ دی گئی کہ مذکورہ مقام پر موجود نالے کی چھت گرنے کے خدشے کے باعث کسی بھی وقت بڑا حادثہ پیش آسکتا تھا۔ شہریوں کی حفاظت کو مقدم رکھتے ہوئے چیئرمین صدر ٹاؤن نے فوری ایکشن لیتے ہوئے نالے کی نئی چھت ڈالنے کے احکامات جاری کیے تھے۔ ترجمان صدر ٹاؤن کے مطابق نالے کی چھت کی تعمیر تیزی سے جاری رہی اور اب یہ کام آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ چیئرمین منصور احمد شیخ نے موقع پر موجود افسران کو ہدایت جاری کی کہ تمام حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور کام کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے شہریوں کو مستقل اور محفوظ سہولت فراہم کی جاسکے۔ چیئرمین نے مزید کہا کہ صدر ٹاؤن کی حدود میں ترقیاتی کاموں کو شفافیت، رفتار اور معیار کے ساتھ مکمل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی سہولت اور شہری تحفظ کے ہر منصوبے پر کسی قسم کی تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ آخر میں انہوں نے موقع پر موجود ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صدر ٹاؤن انتظامیہ شہریوں کی آسانی کے لیے فعال انداز میں کام کر رہی ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

سے محفل میں شرکت کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ایسی روحانی محافل معاشرے میں اتحاد، اخوت اور خیر کے جذبات کو فروغ دیتی ہیں۔ تقریب میں شہر بھر سے معزز شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

پارلیمانی رہنما تنویر عباسی صاحب کے زیر اہتمام "ہیومن رائٹس ڈے" کے حوالے سے منعقدہ آگاہی پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ یہ اہم پروگرام کراچی کے معتبر تعلیمی ادارے دی ریفارمنٹ ایجوکیشن سسٹم (TRES) کے مستقل تعلیمی و سماجی منصوبے کے تحت منظم کیا گیا تھا، جس کا مقصد انسانی حقوق، بچوں کے حقوق، انصاف اور معاشرتی مساوات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ تقریب میں علاقے کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جن میں معززین علاقہ، سماجی کارکنان، اساتذہ اور والدین کے علاوہ اسکول کے بچے، بچیاں اور نوجوان طلبا و طالبات شامل تھے۔ شرکا نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موضوع پر تقاریر، پینل ڈسکشن، مشاورتی سیشن، پرفارمنس اور پوسٹر کی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے اپنے خطاب میں کہا کہ "انسانی حقوق کا تحفظ ایک مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ کورنگی ٹاؤن میں ہر شہری کو یکساں حقوق، سہولیات اور تحفظ فراہم کیا جائے۔ نوجوان نسل میں شعور و آگاہی پیدا کرنا ہماری پہلی ترجیح ہے تاکہ وہ مستقبل میں ایک مثبت اور انصاف پسند معاشرہ تشکیل دے سکیں۔" پارلیمانی رہنما تنویر عباسی صاحب نے پروگرام کے کامیاب انعقاد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق کے بارے میں آگاہی دینا معاشرتی ترقی کا لازمی جزو ہے، اور TRES کی یہ کاوش قابل تحسین ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کورنگی ٹاؤن میں سماجی فلاح و بہبود کے ایسے پروگرام مستقبل میں بھی جاری رہیں گے۔ چیئرمین یو سی 2 قاری اسرار نے اسکول انتظامیہ اور طلبا کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کو بنیادی انسانی حقوق سے متعلق تعلیم دے کر ایک مضبوط اور ذمہ دار معاشرہ تشکیل دیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

افتتاح کر دیا۔ افتتاح کے موقع پر علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ چیئرمین کے ہمراہ وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، نائب امیر ضلع شمالی اکبر قریشی، یو سی وائس چیئرمین حنظلہ اور قریشی مختلف محکموں کے افسران بھی شریک تھے۔ سڑک کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد علاقے میں خوشی اور اطمینان کی فضا نمایاں دکھائی دی۔ اس موقع پر چیئرمین محمد یوسف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی کی پسماندگی برسوں کا قصہ ہے، لیکن اب یہ قصہ ختم ہونے کو ہے ان کا کہنا تھا کہ سیکٹر F-11 کبھی جابجا تعفن اور گندگی کا استعارہ سمجھا جاتا تھا۔ یہاں کے مکین برسوں سے ٹوٹی ہوئی سڑکوں، ابلتے گٹروں اور پانی کی عدم فراہمی جیسے شدید مسائل سے دوچار تھے۔ ہم نے پہلے دن سے ہی عزم کیا کہ نیو کراچی کو اس کی ماضی کی شناخت بہتر سڑکوں، محفوظ گلیوں اور صاف ماحول کی طرف واپس لے کر جانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹاؤن کے اپنے فنڈ سے سیوریج لائنوں کی مرمت، پینے کے پانی کی لائنوں کی تبدیلی اور گلیوں میں پیور بلاک کی تنصیب کے بعد اب بڑی سڑکوں کی تعمیر کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے۔ جس طرح آج سیکٹر F-11 کی حالت بدل چکی ہے، اسی طرح ہر محلے، ہر گلی اور ہر سڑک کو بہتر بنانے کے لیے ہم ایک لمحہ ضائع نہیں کر رہے۔ کوئی دن ایسا نہیں گزر رہا جب نیو کراچی ٹاؤن میں کوئی نہ کوئی ترقیاتی منصوبہ شروع یا مکمل نہیں ہو رہا ترقی کا یہ سفر رکا نہیں ہے اور رکے گا۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ ماضی میں نیو کراچی کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا یہاں کی پہچان ٹوٹی سڑکیں، کھلے مین ہول، اجڑے پارک اور کچرے کے پہاڑ بنا دیے گئے تھے۔ لیکن اب شہر کے اس بڑے ٹاؤن کو نئی زندگی دینے کا وقت آچکا ہے۔ آج جس سڑک کا افتتاح ہوا ہے اس کی حالت اس قدر خراب تھی کہ پیدل چلنا بھی اذیت بن چکا تھا۔ ہم نے اسے ایک مناسب، محفوظ اور قابل استعمال شاہراہ میں بدل دیا ہے تاکہ یہاں کے مکین سکون سے آجاسکیں۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

نے کہا کہ شہر کے مختلف مقامات پر کیمرے نصب ہونے کے باوجود بھی لوٹ مار کرنے والے افراد کی شناخت کا عمل ممکن نہیں ہوتا اس حوالے سے موثر اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے کاروباری حلقوں میں اس حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے تاجر رہنما عمران ٹکو نے کہا کہ دوسری جانب ٹیکسز کے حوالے حکومتی پالیسی کاروباری سرگرمی متاثر کر رہی ہے اور لوڈشیڈنگ کے علاوہ سوئی گیس کا صنعتی اور رہائشی علاقوں میں سپلائی کے حوالے سے فقدان نظر آتا ہے ڈی آئی جی سی آئی اے مقدس حیدر نے کہا کہ امن و امان کے حوالے سے صورتحال کافی بہتر ہوئی ہے سیکیورٹی فورسز اپنا کام بھرپور انداز سے سرانجام دے رہی ہیں جبکہ بھتہ مافیا کے خلاف بھی موثر اقدامات کئے گئے ہیں اور اس سلسلے میں متعدد گرفتاریاں بھی عمل میں آئی ہیں ہم تاجر برادری اور عوام کو یقین دہانی کراتے ہیں کہ موثر حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے جلد ان مسائل پر قابو پالیں گے اس موقع پر علی شیخانی نے ڈی آئی جی سی آئی اے مقدس حیدر کے تعاون پر اظہار تشکر پیش کیا اور ٹمبر ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی جانب سے عبدالقادر شیخانی نے مقدس حیدر کو یادگاری شیلڈ اور گلدستہ پیش کیا

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

دوبارہ نا ہو شائستہ مدنی صدر تنظیم اساتذہ پاکستان صوبہ سندھ ہمیں نہایت رنج والم کے ساتھ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ عثمان پبلک اسکول کیمپس 2 کے فرسٹ ایئر کے طالب علم عابد رئیس ولد رئیس احمد آج صبح تارتھ کراچی کے علاقے 4K چورنگی کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں واٹر ٹینکر کی زد میں آ کر جان بحق ہو گئے۔ ہم دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کے اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور اس ناقابلِ تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی ہمت دے۔ آمین۔ ہم اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندان، رشتہ داروں اور پوری اسکول برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ یہ دلخراش واقعہ نہ صرف ایک قیمتی جان کے ضیاع کا سبب بنا بلکہ یہ ہمارے تعلیمی اداروں کے طلبہ کی جان و مال کے تحفظ کے نظام پر ایک سنجیدہ سوالیہ نشان بھی ہے۔ اس اندوہناک سانحے نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ کراچی شہر میں طلبہ کے لیے محفوظ سفری سہولیات کا فقدان ایک بڑا المیہ بن چکا ہے۔ ہم سندھ حکومت، محکمہ ٹرانسپورٹ اور کراچی کے متعلقہ انتظامی حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ کے لیے محفوظ، باقاعدہ اور معیاری ٹرانسپورٹ نظام فراہم کرنے کے سخت اقدامات کریں، تاکہ آئندہ کسی اور والدین کو اپنے بچے کی لاش وصول نہ کرنا پڑے۔ ہمارے بچے قوم کا قیمتی سرمایہ اور ملک کا مستقبل ہیں۔ ان کی حفاظت ہمارا اور ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ ہم پرزور امید کرتے ہیں کہ ہمارے اس جائز اور انسانی مطالبے پر فوری سنجیدگی سے عمل درآمد کیا جائے گا تاکہ آئندہ ایسے المناک حادثات سے بچا جاسکے۔ اس تعزیتی اجلاس میں محترمہ



بغیر فٹنس کے چلنے والے ٹینکر نہ روکے تو ہائیڈرنٹ کا گھیراؤ کرینگے آفاق احمد

ہیوی ٹریفک کی زد میں آکر ابتک 806 انسان جاں بحق ہو چکے، کراچی کے علاوہ دنیا میں کہیں پانی کا اتنا بڑا کاروبار نہیں ہے' مہاجر قومی موومنٹ

کراچی وہ بدنصیب شہر ہے جسکے شہریوں کو انہی کا پانی چوری کر کے فروخت کیا جاتا ہے اور شہری خریدنے پر مجبور ہیں' چیئرمین کا اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں بے لگام ڈمپرز، ٹرالرز اور واٹر ٹینکرز کی زد میں آکر ہونے والی مسلسل ہلاکتوں اور کچلے جانے کے نام پر ہونے والی دہشت گردی پر غور کیلئے کراچی کی تمام تنظیمی کمیٹیوں کا اجلاس منعقد ہوا۔ چیئرمین آفاق احمد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رواں سال ڈمپر، ٹینکر اور ٹرالر کی زد میں آکر ابتک 806 افراد کچلے جا چکے ہیں لیکن حکومت کے رویوں سے کہیں نہیں لگتا کہ انہیں ان انسانی جانوں کی ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



ایم کیو ایم پاکستان کے وفد کی صابر ایڈوکیٹ سے ملاقات

ان کے دفتر میں ملاقات کے دوران میرپورخاص کے عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

لیگل ایڈ کمیٹی کی جانب سے مفت قانونی امداد، مشاورت فراہم کی جائے گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

میڈیکل و پیرا میڈیکل تعلیم و تربیت کے فروغ کے لیے اشتراک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس آئی یو ٹی ٹرسٹ اور ایدھی فاؤنڈیشن کے درمیان ایک اہم یادداشت مفاہمت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

میرپورخاص یونیورسٹی میں سندھ کلچر ڈے کی شاندار تقریب

رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی

مختلف شعبوں کے طلبہ نے ثقافتی شو، موسیقی اور دھمال کے ذریعے سندھ کی روایات کو اجاگر کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

نیشنل گیمز اسکواش، نور زمان اور زینب خان نے سنگلز میں گولڈ میڈل جیت لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل گیمز کے اسکواش ایونٹ میں آرمی کی زینب خان نے ویمنز اور واپڈا کے نور زمان نے مینز سنگلز میں گولڈ میڈل جیت لیا ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

میرپورخاص' ڈپٹی کمشنر آفس میرپورخاص میں کھلی کچہری

صدارت صوبائی وزیر یونیورسٹیز اینڈ بورڈز ڈپارٹمنٹ سندھ محمد اسماعیل راہو نے کی

شہریوں نے اپنے مسائل براہ راست صوبائی وزیر اور انتظامیہ کے سامنے رکھے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

نیشنل گیمز کا انعقاد ملک میں مثبت سرگرمیوں کا فروغ ہے سید امتیاز الحق بخاری

نیشنل گیمز نوجوانوں کی محنت، جذبے اور ہنر کا عملی ثبوت ہیں' ملک میں اسپورٹس انفرا اسٹرکچر کی بہتری اور نئے ٹیلنٹ کی سرپرستی وقت کی اہم ضرورت ہے

کھیل نہ صرف قومی یکجہتی کو مضبوط بناتے ہیں بلکہ نوجوان نسل کو نظم و ضبط، محنت اور ٹیم اسپرٹ کا سبق بھی دیتے ہیں' چیف ایگزیکٹو بی بی سی گروپ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



بچوں کو معذوری سے بچانے کیلئے پولیو کے دو قطرے ضرور پلوائیں طحہ سلیم

ضلع وسطی میں انسداد پولیو مہم 15 دسمبر سے 21 دسمبر تک جاری رہے گی، جس میں 1727 پولیو کی ٹیمیں حصہ لیں گی' ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی

والدین اور اساتذہ پولیو ورکرز کے ساتھ تعاون کریں' پولیو ٹیموں کی حفاظت، نگرانی اور سہولت کے لیے خصوصی انتظامات کیے جائیں' اجلاس سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

تحصیل منکیرہ میں 23 کنال 5 مرلہ سرکاری اراضی میں دوبارہ بحال

تحصیل انتظامیہ نے فوری طور پر اراضی کو پبلک پارک کے قیام کے لیے مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے

بحال شدہ زمین کو شہریوں کی سہولت و خوشگوار ماحول کے فروغ کے لیے استعمال کیا جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

سرکاری اراضی کو ہر صورت غیر قانونی قبضوں سے پاک رکھا جائے آصف جان صدیقی

تجاوزات کے خلاف مہم بلا امتیاز جاری رکھی جائے' ڈی جی کے ڈی اے نے شہر بھر میں غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کیخلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا

ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے آصف جان صدیقی کا کے ڈی اے سوک سینٹر کے اہم شعبہ جات کا اچانک دورہ' سائلین سے ملاقات، فوری احکامات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

حاجی زاہد بٹ کی بلاول بھٹو اور پرویز اشرف سے ملاقات

پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے تاجروں کے ایف بی آر سے متعلق مسائل پر تفصیلی بات چیت کی

اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے' ٹیکس کلیکشن کے طریقہ کار کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



تحصیل منکیرہ میں واقع 23 کنال 5 مرلہ سرکاری اراضی ریاست کے حق میں دوبارہ بحال کی جا رہی ہے

چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ کا خدیجہ ٹاور کلفٹن میں ترقیاتی کاموں کا معائنہ

موجود نالے کی چھت گرنے کے خدشے کے باعث کسی بھی وقت بڑا حادثہ پیش آسکتا تھا

چیئرمین صدر ٹاؤن نے فوری ایکشن لیتے ہوئے نالے کی نئی چھت ڈالنے کے احکامات جاری کیے تھے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



صدر جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری حاجی زاہد حسین بٹ کی ایف پی سی سی آئی کے ریجنل آفس لاہور میں بلاول بھٹو اور پرویز اشرف سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی گرینڈ الائنس میں امیر عبدالقدیر شیخ کی آمد استقبالیہ تقریب آج ہوگی

گلستان جوہر میں تقریب ہوگی' سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کے معروف روحانی پیشوا اور تنظیم الاخوان پاکستان کے سربراہ، حضرت امیر عبدالقدیر شیخ کی آمد متوقع ہے

ایسی روحانی محافل معاشرے میں اتحاد، اخوت اور خیر کے جذبات کو فروغ دیتی ہیں' حضرت امیر عبدالقدیر شیخ کی آمد گرینڈ الائنس کیلئے باعث افتخار ہے' محمد اسلم خان



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



ہیوی ٹریفک شہریوں کی جان کا سب سے بڑا دشمن بنتا جا رہا ہے بلال سلیم قادری

رواں سال ٹریفک حادثات میں جاں بحق افراد کی تعداد 800 سے تجاوز کر گئی' شہری علاقوں میں ہیوی ٹریفک کے داخلے پر سخت پابندی عائد کی جائے

شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے مافیا کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی جائے' فوری اقدامات نہ کیے تو ہیوی ٹریفک کراچی کو مزید جنازوں کا شہر بنا دے گا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

کورنگی ٹاؤن میں ہیومن رائٹس ڈے پر آگاہی پروگرام' محمد نعیم شیخ کی خصوصی شرکت

کارکنان، اساتذہ اور والدین کے علاوہ اسکول کے بچے، بچیاں اور نوجوان طلبا و طالبات شامل تھے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

جماعت اسلامی کا خونی ڈمپر و ٹینکرز سے اموات کیخلاف کل نمائش چورنگی پر دھرنے کا اعلان

گزشتہ 11 ماہ میں 41 ہزار موٹر سائیکلیں، 16 ہزار موبائل فون چھین لیے گئے جبکہ ہیوی ٹریفک سے 244 شہری جاں بحق ہوئے' امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی کے ستائے ہوئے عوام بڑی تعداد میں دھرنے میں شریک ہوں اور حق دو کراچی تحریک کا حصہ بنیں' منعم ظفر کی آئی جی آفس پر عوامی پریس کانفرنس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

سندھ بھر میں عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع

عوام کے مسائل براہ راست معلوم کر کے ہر ممکنہ سطح پر حل کیے جا سکیں۔ اسماعیل راہو



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

نیو کراچی کے ترقیاتی سفر میں بڑی پیشرفت، سیکٹر F-11 کی سڑک کا افتتاح

گلیوں میں پیور بلاک کی تنصیب کے ساتھ اب بڑی سڑکوں کی تعمیر کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے' محمد یوسف

نیو کراچی ٹاؤن کے عوام بنیادی سہولیات کے حق دار ہیں، اور ہم ان کا حق چھین کر رہیں گے۔ چیئرمین نیو کراچی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

عبدالقادر شیخانی اور نعمان تنیو کی مقدس حیدر سے ملاقات

تاجر برادری کو درپیش مسائل اور امن و امان کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا' علی شیخانی بھی موجود تھے

لوٹ مار کرنے والے افراد کی شناخت کا عمل ممکن نہیں ہوتا' اس حوالے سے موثر اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



لیاقت آباد ٹاؤن' یو سی ون ایریا میں محکمہ باغات کے عملے کو ضروری آلات تقسیم

فراز حسیب کی اسحاق تیموری اور ڈائریکٹر پارکس ریحان ہمدانی کے ہمراہ شاہ فیض الحسن میموریل پارک آباد تان کی جانب سے قائم کردہ نرسری میں سیزنل پودوں کی تیاری کا معائنہ



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

1,000 صنعتی رہنماؤں کی تاریخی ٹریننگ کے منصوبے کا آغاز کر دیا

یورپی یونین کے سفیر کی مکمل حمایت حاصل ہے' TVET سیکٹر سپورٹ پروگرام کی معاونت حاصل ہے

آج کا دن ہمارے لیے ایک سنگ میل ہے' عاطف اکرام شیخ، صدر ایف پی سی سی آئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25



چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے شہید حکیم محمد سعید میموریل انٹر اسکول چیمپئن شپ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

مت وقت طلبہ و طالبات کو محفوظ ٹرانسپورٹ فراہم کرے، نادرہ نوید صاحبہ

طالب علم عابد کیس آج افسوسناک ٹریفک حادثے میں واٹر ٹینکر کی زد میں آکر جان بحق ہو گئے

ہم اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندان، رشتہ داروں اور پوری اسکول برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

مقابلہ مضمون نویسی کا اعلان

مقابلہ مضمون نویسی بعنوان "اے قائد اعظم تو زندہ رہیگا" کا اعلان کیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کی زیر صدارت آگاہی سیمینار

لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد

خواتین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر وقت دستیاب اور وقف ہیں



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

نوڈیرو کا رہائشی ریٹائرڈ استاد انور کیپٹر بجری سے فن بنانے لگے

فن پاروں میں قائد اعظم، شاہ عبداللطیف بھٹائی، شہید ذوالفقار علی بھٹو، ودیگر شخصیات کی تصاویر شامل ہیں

میرے اساتذہ نے مجھے خطاطی کا ہنر بھی دیا اور وہ کام بھی جاری ہے اور رہیگا، انور کیپٹر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

